RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۲۸ — مطبوعہ [illegible] ذیحجہ سنہ ۱۳۱۰ ہجری روز دوشنبہ مطابق ۳ جولائی سنہ ۱۸۹۳ عیسوی — جلد ۶

فہرست مضامین

نمبر	نام مضمون	صفحہ
	حکم حضور پرنور	
۱	منسوخی روبکار سابق متعلق اختیارات ڈاکٹر بینی تولد صاحب بہادر	۱
	احکام اجلاس کامل	
۲	مقدمہ شمول سرکار بتعین قاعدہ اجرائے ڈگریات مع سرکلر	۲
۳	جو شخص گواہ پولیس مین دیگر اور عدالت مین خلاف اوسکے بیان کرے	۲
۴	در بارہ اجرائے قاعدہ اندراج رقم تاسیوار بمقدمہ فروخت رسس	۳
۵	مع سرکلر و اشتہار متعلقہ۔	
۶	منظوری تشخیصات جبہ و عیدین بنام ملازمان کتب خانہ۔	۳
۷	اضافہ تنخواہ صاحبزادہ محمد ناصر علیخان بہادر۔	۳
۸	منسوخی [illegible]	۳
	حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر	
۹	[illegible] قانون نسبت [illegible] شور اراضی۔	۴ و ۵
۱۰	تعیین تاریخ ۲۵ جولائی سنہ ۱۸۹۳ء [illegible] نسبت جنس [illegible]	۵ و ۶
	احکام صاحب جوڈیشل ممبر بہادر	
۱۱	سرکلر در بارہ جائداد غیر منقولہ [illegible]	
۱۲	اشتہار انعام [illegible]	
	روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر کونسل	
۱۳	نسبت [illegible] سرکار [illegible] فروخت یا نیلام ہو	
۱۴	نقشہ بارش	
	نقشہ حیات و ممات و خزانہ اجناس	

حکم حضور پرنور نواب صاحب بہادر دام اقبالہم واقع ۲۵ جون سنہ ۱۸۹۳ء

پہلا روبکار جو بدولت کے اجلاس سے بابت اختیارات ڈاکٹر بینی تولد صاحب بہادر جاری ہوا تھا اوسکو اب ہم [illegible] و منسوخ کرتے ہین۔

حکم اجلاس کونسل - واقع ۱۳ جون ۱۸۹۴ء

بمقدمہ مثل سرکلر تعیین قاعدہ اجرای ڈگریات

آج یہ مثل کونسل مین پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ رائے صاحب جج بہادر منظور ہو سرکلر مجوزہ صاحب جج بہادر درج گزٹ کرایا جائے اور بموجب سرکلر مذکور عملدرآمد ہووے مثل بنابر اجرای احکام باجلاس جوڈیشل ممبر بہادر مرسل ہو۔

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ممبر ال بہادر دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر۔

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

ایک نقل سرکلر بنابر اندراج گزٹ پاس مہتمم مطبع ریاستی بھیجی جاوے اور تیس قطعہ سرکلر علٰحدہ طبع کراکر بنابر تقسیم سررشتہ جات وعدالتہای مطبع سے منگائی جاوین - ۲۱ جون ۱۸۹۴ء

سرکلر

بہ تنسیخ عملدرآمد سابق درخواستہای اجرای ڈگری مین قاعدہ قرار دیا جاتا ہی کہ جس محکمہ مین ابتدائی مقدمہ دائر ہوا ہو اوس محکمہ مین درخواست اجرائی گذرنی چاہیئے اور عدالت موصوفہ حسب قاعدہ اجرا کے کارروائی کر سکیگی اگرچہ وہ مقدمہ بصیغہ اپیل کونسل تک بھی پہنچ چکا ہو۔

اگر ابتدائی مقدمہ کسی عدالت بالائی مین دائر ہوا ہو تو اوس کی اجرای کی درخواست اوسی عدالت بالائی مین گذرنی چاہیئے اور وہ عدالت مجاز ہوگی کہ کارروائی کے لیئے کسی ماتحت عدالت مین منتقل کر دے

حکم اجلاس کونسل - واقع ۱۳ جون ۱۸۹۴ء

بمقدمہ مثل حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر دربارہ اس امر کے کہ جو کوئی شخص گواہی پولیس مین دے اور عدالت مین خلاف اوسکے بیان کرے اوسپر مقدمہ بموجب دفعہ ۱۹۳ قائم ہونا خلاف قاعدہ مجریہ گورنمنٹ انگریزی ہے

آج یہ مثل پیش ہوئی بالاتفاق رائے یہ امر مناسب معلوم ہوتا ہی کہ آیندہ اگر سررشتہ پولیس کو خاص مقدمہ مین بوجہ موجہ دعوی دروغ حلفی کسی ایسے شخص پر جسنے اپنے پولیس مین اظہار کیے ہوئے بیان کو عدالت مجسٹریٹ مین تبدیل کیا ہو کرنا چاہے تو اول صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر سے اجازت حاصل کرے بعد حصول اجازت دعوی دروغ حلفی پولیس کیطرف سے ہو سکے گا عام صورتون مین پولیس کو دعویدار ہونے کا اختیار حاصل نہ ہوگا مثل باجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر مرسل ہو۔

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

حسب تجویز کونسل احکام ضابطہ جاری ہون ایک نقل اسکی بنابر درج گزٹ مطبع کو مرسل ہو - ۱۷ جون ۱۸۹۴ عیسوی

حکم اجلاس کامل واقع ۱۳ جون ۱۸۹۴ء

مشمولہ مثل یادداشت تحصیلدار شاہ آباد دربارہ اجرائے قاعدہ
اندراج رقم اسٹامپ بمقدمہ فروخت رس منجانب [illegible]
بنام کہنہ ساریان

آج یہ مثل کونسل میں پیش ہوئی مع رائے لیگل ممبر صاحب مع سرکلر تجویزہ صاحب موصوف ملاحظہ ہوکر بالاتفاق تجویز ہوئی کہ رائے لیگل ممبر صاحب درست ہے اسی بموجب عملدرآمد ہونا چاہئے اول اشتہار میعادی ۱۵ یوم نسبت اجرائے سرکلر ہذا جاری کیا جاوے زاں بعد بموجب رائے لیگل ممبر صاحب عملدرآمد کیا جاوے اور سرکلر تجویزہ مع اشتہار درج گزٹ کرایا جاوے
مثل بنا بر اجرائے احکام باجلاس صاحب جوڈیشل ممبر مرسل ہو۔

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر۔

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

حسب تجویز اجلاس کامل احکام ضابطہ جاری ہوں اور نقل سرکلر مع اشتہار غرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جاوے ۲۱ جون ۱۸۹۴ء

سرکلر اجلاس کونسل مجریہ ۱۳ جون ۱۸۹۴ء

دفعہ ۹ قانون رجسٹری سے علاقہ قدیم ریاست میں چند مقران کے اقرار سے ایک دستاویز کا رجسٹری ہونا جائز قرار دیا گیا ہے اوس دفعہ کا تعلق ایسی دستاویز سے ہے جو چند مقران کے اقرار سے کسی رقم مجموعی کی بابت بذمہ داری مشترکہ تجویز ہو مگر جس حالت میں کہ ہر مقر کی ذمہ داری بابت رقومات جداگانہ کے منفرد ہو یعنی کسی ایک رقم معین زر کی ایک مقر کے نسبت مطالبہ دائن کا دوسرے

تحریر [illegible] ہو اور اوسکی ایک دستاویز یکجائی تحریر کرا لیں گو کوئی [illegible] نہیں ہو سکتا بلکہ ہر مقر کیطرف سے دستاویز علیحدہ علیحدہ تحریر ہو کر رجسٹری ہونا چاہئے۔

بحکم اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر مورخہ ۲۱ جون ۱۸۹۴ء

اشتہار

مثل رپورٹ تحصیلدار شاہ آباد دربارہ اجرائے قاعدہ اندراج رقم اسٹامپ دستاویزات فروخت رس میں رائے صاحب لیگل ممبر صاحب مع سرکلر تجویزہ صاحب موصوف ۱۳ جون ۱۸۹۴ء کو اجلاس کامل کونسل میں پیش ہو کر بالاتفاق تجویز ہوا کہ اول اشتہار میعادی پندرہ یوم نسبت اجرائے سرکلر جاری کیا جاوے زاں بعد بموجب رائے لیگل ممبر صاحب عملدرآمد کیا جاوے اور سرکلر تجویزہ مع اشتہار درج گزٹ کرایا جاوے۔
لہذا حسب تجویز کونسل یہ اشتہار میعادی پندرہ یوم مع سرکلر مسطورہ جاری کیا جاتا ہے۔

حکم اجلاس کامل ۔ واقع ۱۳ جون ۱۸۹۴ء

بمقدمہ رپورٹ منصرم کتبخانہ بدرخواست تعطیلات مذہبی جمعہ و عیدین وغیرہ بنا بر ملازمان کتبخانہ

بالاتفاق رای تجویز ہوا کہ ملازمان کتب خانہ بھی تعطیلات مذہبی سے مثل دیگر ملازمان دفاتر کے مستفید ہوں آیندہ ممنوع نہ کئے جاویں
مثل باجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر مرسل ہو۔

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

حسب تجویز کونسل درج گزٹ ہو و احکام جاری ہوں ۔

۲۲ جون سنہ ۱۸۹۴ء

حکم اجلاس کونسل ۔ واقع ۱۸ جون سنہ ۱۸۹۴ء

بمقدمہ مثل وبکار صاحب ممبر مال بہادر دربارہ
اضافہ تنخواہ صاحبزادہ محمد ناصر علیخان بہادر عرف
منجھو صاحب بہادر بوجہ تحصیل علم در ولایت

آج سپیشل کونسل مین پیش ہوئی واقعی تنخواہ موجودہ صاحبزادہ محمد ناصر علیخان بہادر عرف منجھو صاحب اخراجات تعلیم خورد و نوش وغیرہ ولایت کو مکتفی نہین ہو سکتی لہذا بالاتفاق تجویز ہوا کہ تنخواہ موصوف تعدادی سات سو روپیہ پر ہر پیرو رشا بالطور عنایات مبلغ آٹھ سو روپیہ اضافہ ہو کر تا تعلیم ولایت تنخواہ اونکی تعداد ایکہزار پانسو روپیہ ماہوار دیجاوے یہ اضافہ پرورشاً و عنایاتہً تا تعلیم ولایت متصور ہوگا مثل بنابر اجراے احکام باجلاس صاحب ممبر مال بہادر مرسل ہو ۔

دستخط حضور پر نور دام اقبالہم   دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر   دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

ایک نقل اطلاعاً پاس لالہ منیجر بنک صاحب مرسل ہو اور ایک نقل پاس دیوان صدر و بخشی فوج مرسل ہو ۔ اور درج گزٹ کر بعد اجراے احکام داخل دفتر ہووے ۔ دیوان صدر عملدرآمد اسکا روز صدور حکم یعنی ۱۸ جون سنہ ۱۸۹۴ء سے کرین اور دیوانی سے دریافت ہو کہ اضافہ کس مین درج ہوگا ۔ ۲۳ جون سنہ ۱۸۹۴ء

حکم اجلاس کونسل ۔ واقع ۱۸ جون سنہ ۱۸۹۴ء

آج سپیشل کونسل مین پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ دو روپیہ ماہانہ پنشن غلام اکبرخان سپاہی سپرنٹنڈنٹی کارخانجات کو بوجہ علیحدگی خدمت منظور ہے مثل بنابر اجراے احکام باجلاس صاحب ممبر مال بہادر مرسل ہو ۔

دستخط حضور پر نور دام اقبالہم   دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر   دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

موافق اس تجویز کے احکام ضابطہ جاری ہوں بخشی فوج اور اہلمد پنشن کو اطلاع دیجاوے ۔ ۲۳ جون سنہ ۱۸۹۴ء

بحکم صاحب ریونیو ممبر بہادر صادرہ ۱۲ جون سنہ ۱۸۹۴ء

یادداشت سررشتہ تالیف قانون ریاست رامپور نسبت معائنہ
مدرسہ پٹواریان شہر رامپور واقع ۱۱ جون سنہ ۱۸۹۴ء وقت ۷ بجے صبح

آج بتقریب معائنہ ششماہی یہ مدرسہ دیکھا گیا ۔ مدرسان بدستور مین ۴۶ طلبا مندرج رجسٹر مین آخر ماہ مئی پر ۴۶ تھے ۔ اسوقت ۳۱ حاضر ہین اور ۱۵ غیر حاضر بتفصیل ذیل ۲ کس یعنی اشرفی لال و ... رامی عطائی ... و گھاسی رام رخصت پر ہین ان رخصتون مین گھاسی رام کا حال قابل لحاظ ہے یکم مئی سے ۱۵ دن کی رخصت منظور ہوئی جو ۱۵ تاریخ ختم ہوئی اسکی غیر حاضری بجاے ۱۶ کے ۱۹ مئی کو لکھی گئی اسکے بعد ۱۵ روز کی رخصت اور دی گئی ہوئی ... آخر مئی ... سے درخواست رخصت بلا میعاد

بعضرورت پیروی مقدمہ کے آئی مدرس گئی ہیں کہ وہ ہرحال صدر ہوئی ہے علاوہ پٹواریان رخصتی کے ۱۲ کس غیر حاضر ہیں جنکی تفصیل حال یہ ہے۔

نام غیر حاضرین	تعداد ایام غیر حاضری کب سے غیر حاضر ہے	کیفیت
بہاری لال	۴	ایک ہفتہ کی رخصت یکم جون سے لیکر گیا تھا
ہر پرشاد		عرصہ سے غیر حاضر ہے ۹ جون کو رپورٹ ہوئی ہے مقدمہ اثبات لایا جاتا ہے۔
جانکی پرشاد	۱	عرضی رخصت بلا نام آئی ہے۔
نرائن سہائے	۳	
چرونجی لال	۳	
ایسری پرشاد	۳	
منموہن لال	۲	
بابو رام	۲	
پیارے لال	۲	
گوردھن رائے	۲	
چدمی لال	۳	
داتا رام	۳	

غیر حاضرین کی نسبت مدرس کہتی کہ بانتظار گذرنے ایک ہفتہ کے غیر حاضری کی رپورٹ نہیں بھیجی چنانچہ بہاری لال جو ایک ہفتہ کی رخصت پر گیا تھا اور بعد گذرنے رخصت کے اوسکی غیر حاضری کو بھی چار روز گذر گئے بانتظار پورے ہونے ہفتہ کے غیر حاضری کی رپورٹ نہیں کی گئی حالانکہ یہ بات نامناسب ہے کہ بعد گذرنے رخصت کے ایک ہفتہ تک اطلاع غیر حاضری کی نہ کیجاوے صرف ایک دو روز بعد رخصت کے انتظار کر لینا کافی متصور ہوسکتا ہے

بہرحال اسکی نسبت جناب صاحب ریونیو ممبر بہادر کی ہدایت کا انتظار کرنا چاہیے بعد صدور ہدایت اوسکی موافق تعمیل کرتے رہیں۔

کاپیان جو دیکھی گئیں اونمیں سلسلہ وار تاریخیں قائم نہیں ہوئیں اکثر تواریخ درج نہیں ہیں حالانکہ تاریخیں سب درج ہونی چاہئیں اگر بوجہ تعطیل یا غیر حاضر وغیرہ کے لکھی نجاوے تو چاہیے اوسکی مختصر لفظ میں تاریخ کے پاس لکھدیا جاوے مثلاً ۲ر جون فلان تعطیل یا غیر حاضر وغیرہ اسکی نسبت مدرسین کو کہدیا گیا کہ آئندہ عملدرآمد رکھیں۔

کاپیوں میں اصلاح غلطی کی کم دیکھنے میں آئی مدرسان کو کہدیا گیا ہے کہ آئندہ اصلاح کی نسبت زیادہ لحاظ رکھیں۔

عکس جو دیکھے گئے بعض پر نام عکس کنندہ اور تاریخ تحریر نہیں اور نام موضع بھی قطعات کے عکس پر درج نہیں آئندہ کے لیے کہدیا گیا ہے کہ ہر قطعہ عکس پر نام اور تاریخ معہ نام موضع لکھی جاوے اور بلکہ تاریخ شروع اور اختتام کی بھی تحریر ہونا چاہیے جس سے عکس کنندہ کے کام کی کیفیت ظاہر ہوتی رہے۔

نقل اس معائنہ کی اطلاعاً بجلاس عالی والا القاب جناب خانبہادر سید صاحب ریونیو ممبر کے ارسال ہو۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع ۲۶ر جون سنہ ۱۹۴۲ء

بعض بقایات بوجہ فراری اور عدم استطاعتی مستاجران اور وصول ہونے زر باقی کے قابل بندوبست ہیں اور واسطے بندوبست اونکے کوئی تاریخ ہونا ضرور ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

بمقام مستغیث خانہ پیش دروازہ کچہریات وقت آٹھ بجے صبح کے تاریخ ۲۵ر جولائی سنہ ۱۹۴۲ء مقرر کیجاوے تحصیلداران اور

بقیت صدر اور دو اصلبا قینولیس اور نائب سررشتہ دار صدر کو اطلاع دیجاوے نقشجات نیلام رسالدار صدر بہت صحت سے قبل از تاریخ نیلام طبع کرالین اور بخوبی اعلان ہوجاوے اور درج گزٹ بہی ہو۔

سرکلر محبریہ صاحب جج ڈویژنل ممبر بہادر

مورخہ ١٩ جون سنہ ١٨٩٤ء

چونکہ عدالت خفیفہ مین سفال کہپریل و چہپر جو مکان پر ہوتے ہین اجرائے ڈگریات مین قرق ہوکر بروقت نیلام علیحدہ کیے جاتے ہین اور وہ وقت قرقی سے منقولہ متصور ہوتے ہین۔ حالانکہ جبوقت تک وہ مکان پر نصب ہین داخل غیرمنقولہ ہین۔ اسوجہ سے عدالت دیوانی اوسمین احکام شفعہ جاری کرتی ہی لہذا باتفاق رای صاحب ڈسٹرکٹ جج بہادر ہدایت کیجاتی ہے کہ چہپر یا کہپریل یا لکڑی یا اینٹ کوئی عملہ کسی قسم کا جبتک وہ مکان سے علیحدہ نہو وہ جایداد غیرمنقولہ ہے اور عدالت خفیفہ سے قرقی اوسکی ناجائز ہے

حکم صاحب جج ڈویژنل ممبر بہادر برعرضی مرزا امداد حسین

واقع ٢٤ جون سنہ ١٨٩٤ء

نقل عرضی سائل بغرض اطلاع عام درج گزٹ کیجاوے۔

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	درخواست
[illegible]	کرت کوپا	مرزا امداد حسین	مسماۃ حیدری	فوجداری	[illegible]	پچاس روپیہ انعام کے مشتہرات جاری کیے جاوے جو عین ہنگام برآمد مال مین دونگا۔

غریب پرور سلامت

جناب عالی بخدمت سعروضہ بالا التماس یہ ہے کہ اشتہارات مبلغ پچاس روپیہ کے بابت انعام بحکم بندگان عالی عدالت العالیہ جاری فرمائے جاوین جو شخص مال مفصلہ تحت چوری فدوی کا برآمد کریگا مبلغ پچاس روپیہ اوسکو انعام کے مین دونگا واجب تہا عرض کیا دولت زیادہ ہو

تفصیل سرقہ

پازیب نقرہ وزنی ... قیمتی	پہونچی طلائی ٢٣ دانہ مع زنجیر قیمتی	یکہ نقرہ انگریزی
[illegible]	[illegible]	[illegible]
انگوٹہی نقرہ مع نگینہ عقیق ٢٦ عدد	بوٹ دو قطعہ	قرص اشرفی جی پوری یک
[illegible]	[illegible]	[illegible]

روبکار اجلاس صاحب سکرٹری بہادر کونسل

واقع ١٦ مئی سنہ ١٨٩٤ء

آج یہ کاغذات معہ جواب سپرنڈنٹ کارخانجات پیش ہوئے منصرم گاوخانہ و سپرنڈنٹ کارخانجات بہی موجود تہے ہنگام پیشی کاغذات زبانی بہی مفصل حال ان لوگون سے دریافت کیا گیا ہمارے نزدیک کل کارخانجات مین ایک قاعدہ اس طرح ہونا چاہیے کہ مال سرکار فروخت کیا یا نیلام ہو اوسکا روپیہ خزانہ صدر مین جمع ہوا کرے یہ غیرمناسب معلوم ہوتا ہی کہ خزانہ صدر مین روپیہ نہ جمع کیا جاوے اور منصرم اپنے کارخانے مین اوسکو رکہین اور خزانہ مین اطلاع تک اوسکی نہجاوے۔ گاوخانہ و اصطبل گاومیش خانہ مین جہان جہان قاعدہ جاری ہے کہ روپیہ نیلام کا خزانہ صدر مین نہین بہیجا جاتا ہی آیندہ کے لیے اب یہ قاعدہ بند کیا جاوے سب جگہہ کا روپیہ خزانہ صدر مین جمع ہوا کرے ہان اسقدر مناسب ہے کہ اگر کسی کارخانہ مین کسی چیز کی ضرورت خرید کرنے کی ہی اور بوجہ قلت بجٹ وہ خرید نہین ہوسکتی وہان کا اگر کوئی سامان نیلام ہو تو اوسوقت منصرم یہ کرسکتے ہین

کہ قبل از نیلام جمع ہو جانے روپیہ کے خزانے مین اس چیز کی
بابت مفصل درخواست اپنی بھیجدین اگر درخواست منصرم قابل منظوری
بھیجی جاویگی تو اوسکی منظوری دیجاویگی اور زر نیلام کو بجائے
خزانہ صدر بھیجنے سے روکا جاویگا ۔ ابتک جس جس کارخانہ مین
اس قسم کا روپیہ جمع ہوا اوسکی بہی صحت مناسب ہے سپرنٹنڈنٹ کارخانجات
کو چاہیئے کہ ہر ایک کارخانے کے رجسٹر وغیرہ دیکھکر اور بعد جانچ
وغیرہ جسقدر روپیہ اب اس قسم کا جہان جہان جمع ہوا اوسکی بابت
مفصل رپورٹ معہ نقشہ گوشوارہ کے بھیجدین جس سے صاف صاف
معلوم ہو جاوے کہ کتنا کتنا روپیہ کس کس کارخانہ مین اسوقت
موجود ہے تاکہ اوسکی نسبت تجویز مناسب کیجاوے ۔

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل اسکی واسطے اطلاع و تعمیل ضابطہ کے پاس سپرنٹنڈنٹ
کارخانجات و دیوان صدر مرسل ہو سپرنٹنڈنٹ کارخانجات کو
چاہیئے کہ منصرم نیلام و دیگر جملہ منصرمان کو اس حکم کی نقل کرا کر بھیجدین
ہدایت کردین کہ مطابق اس روبکار کے کاربند رہین اور اسکی تعمیل
آئندہ جاری ہو سپرنٹنڈنٹ کارخانجات نگرانی رکھین کسی جگہ
فروگذاشت نکیا جاوے مناسب ہیکہ قبل اجرائے روبکار ہذا کاغذات
ذریعہ عرضداشت حضور معلی مین بھیجدیئے جاوین جو وہان سے
حکم اس باب مین صادر ہو اوسکے مطابق تعمیل کیجاوے ۔

حکم صاحب سکرٹری بہادر

کاپی سکرٹری بجواب حکم ۱۰ جون سنہ رواں منظوری اس روبکار کی آگئی لہذا ایک
نقل اسکی واسطے اطلاع عام کے درج گزٹ کرا دیجاوے اور ایک ایک
نقل پاس سپرنٹنڈنٹ کارخانجات و دیوان صدر مرسل ہو مطابق اسکے آئندہ
تعمیل ہو اور اصطبل و گاؤخانہ وغیرہ مین ابتک جسقدر روپیہ نیلام
جانورونکا جمع ہوا اوسکی بابت سپرنٹنڈنٹ صحت کرکے ایک رپورٹ مفصل
معہ نقشہ کارخانہ وار جلد پیش کرین ۔ ۲۴ جون ۱۸۹۳ء

نقشہ بارش متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۲۱ لغایت ۳۰ جون سنہ ۱۸۹۳ عیسوی

تاریخ و دن	صدر		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		ٹانڈہ	
	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۲۳ جون روز شنبہ	۸	۴۲	۱۲	۳۰	۲	۸	۴	۵۹	۳	۲۷	۰	۴۹
۲۴ جون روز یکشنبہ	۰	۴۲	۰	۳۰	۰	۸	۰	۵۹	۰	۲۷	۰	۴۹
۲۵ جون روز دوشنبہ	۰	۴۲	۰	۳۰	۰	۸	۲	۶۱	۰	۲۷	۰	۴۹
۲۶ جون روز سہ شنبہ	۶	۴۸	۰	۳۰	۱	۹	۰	۶۱	۰	۲۷	۰	۴۹
۲۷ جون روز چہارشنبہ	۰	۴۸	۰	۳۰	۰	۹	۰	۶۱	۰	۲۷	۰	نقشہ نہیں آیا
۲۸ جون روز پنجشنبہ	۰	۴۸	۲	۳۲	۰	۹	۰	۶۱	۰	۲۷	۰	〃
۲۹ جون روز جمعہ	۰	۴۸	۰	۳۲	۰	۹	۰	۶۱	۰	۲۷	۰	〃
۳۰ جون روز شنبہ	۰	۴۸	۱۲	۴۴	۸	۱۷	۰	۶۱	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	〃

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۶ جون لغایت ۲ جولائی سنہ ۱۸۹۴ء

پرگنہ	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	تفصیل پیدائش: مرد: ہندو	تفصیل پیدائش: عورت: مسلمان	تفصیل پیدائش: عورت: ہندو	تفصیل پیدائش: میزان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال تک: //	تفصیل فوتی: ایک سال تک: عورت	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۱۲ سال تک: //	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۱۲ سال تک: عورت	تفصیل فوتی: ۱۲ سال سے زیادہ: //	تفصیل فوتی: ۱۲ سال سے زیادہ: عورت	تفصیل فوتی: میزان: //	تفصیل فوتی: میزان: عورت	تفصیل فوتی: تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل فوتی: تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل امراض: [illegible]	تفصیل امراض: [illegible]	تفصیل امراض: [illegible]	تفصیل امراض: [illegible]	تفصیل امراض: میزان	کیفیت
شہر رامپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
ملک	۲	۱۳	۴	۸	۲۷	۶	۲۱	۶	۵	۲	۰	۷	۷	۱۵	۱۲	۰	۲۷	۰	۱	۱۰	۱۶	۲۷	۰
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
میزان	۲	۱۳	۴	۸	۲۷	۶	۲۱	۶	۵	۲	۰	۷	۷	۱۵	۱۲	۰	۲۷	۰	۱	۱۰	۱۶	۲۷	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۶ جون لغایت ۲ جولائی سنہ ۹۴ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۶ ۱ار	۰	۱۸ ۱ار	۱۶ ۱ار	۰	حضور تحصیل و ملک و ٹانڈہ سے نقشے نہیں آئے۔
نخود خالص	۰	۰	۰	۲۰ ۱ر	۲۳ ۱ر	۰	
نخود کسہ آمیز	۰	۲۱ ۱ر	۰	۲۲ ۱ر	۲۵ ۱ر	۰	
[illegible]	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
ماش	۰	۱۵ ۱ار	۰	۱۴ ۱ار	۰	۰	
مونگ	۰	۱۵ ۱ار	۰	۰	۰	۰	
مکا	۰	۰	۰	۰	نہیں	۰	
ارہر	۰	۲۳ ۱ر	۰	۱۸ ۱ر	۲۷ ۱ر	۰	
عدس	۰	۲۰ ۱ر	۰	۲۰ ۱ر	۲۴ ۱ر	۰	
جئی	۰	۲۵ ۱ر	۰	۰	۳۰ ۱ر	۰	
گوجئی	۰	۲۰ ۱ر	۰	۰	۲۰ ۱ر	۰	
برنج	۰	۹ ۱ر	۰	۱۰ ۱ر	۱۰ ۱ر	۰	
روغن زرد	۰	۱ ۱ر	۰	۱/۱ ۱ر	۱/۱ ۱ر	۰	
روغن سیاہ	۰	۱۰۲ ۱ر	۰	۳ ۱ر	۲ ۱ر	۰	
روغن کنجد	۰	۲ ۱ر	۰	۰	۰	۰	
نمک سانبھر	۰	۷ ۱ر	۰	۰	۷ ۱ر	۰	
نمک [illegible]ری	۰	۶ ۱ر	۰	۰	۰	۰	
قند سیاہ	۰	۶ ۱ر	۰	۰	۱۱ ۱ر	۰	

مطبوعہ مطبع سرکاری پولیس ریاست رامپور